Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Character

اخلاق

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> Reciting of YAA QUDDOO-SO 170 times daily is more effective in realisation of truth, the pureness of soul and the excellence of character.

> روزانہ 170 مرتبہ ''یَاقُدُّوْسُ'' کا ورد کرنا عرفان حق، نفس کی پاکیزگی اور اخلاقی خوبیوں کے پیدا کرنے کیلئے بہترین و مؤثر ہے۔

> Any person makes a habit of reciting YAA HALEE-MO 88 times after 5 obligatory namaz then he will be cured from the bad habits like jealousy, stingy, lie, bad character and reviling.

> جو شخص بھی ''یَا حَلِیْمُ'' کو نماز پنجگانہ کے بعد 88 مرتبہ ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اس سے بری عادات مثلاً حسد، بخل، جھوٹ، خصوصاً بد خلقی اور بد زبانی دور ہوجائے گی۔

> If any person wants to achieve dignity in appearance and character then he should recite YAA KABEE-RO 7000 times daily.

> جو شخص صورت اور سیرت میں بزرگی چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ روزانہ 7000 مرتبہ ''یَا کَبِیْرُ'' کا ورد کرے۔

> If wife is indecent in speech, and if he recites YAA WALIYYO slowly in front of wife Allah (swt) will change her character.

> اگر کسی کی بیوی بدزبان ہو تو اگر وہ (بیوی کے سامنے) بزبان آہستہ ''یَا وَلِیُّ'' کا ورد کرے تو اللہ تعالی اس عورت کو خوش اخلاقی عطا فرمائے گا۔

Free to read, copy and share

If a child has a bad character so if YAA HAMEE-DO is recited on food and make him eat then inshallah very soon his character will be good.

اگر کسی کی اولاد نیک سیرت نہ ہو تو اگر کھانے پر ''یَا حَمِیدُ'' کا ورد کر کے کھانا انہیں کھلایا جائے تو انشاء اللہ بہت جلد نیک سیرت ہو جائے گی۔

To achieve divine character and qualities recitation of YAA HAMEE-DO 62 times daily is beneficial.

خدائی اخلاق و صفات کے حصول کیلئے روزانہ 62 مرتبہ ''یَا حَمِیدُ'' کا ورد مفید ہے۔

To achieve perfection in work and for good character reciting this zikr 274 times during night is beneficial...

کاموں کی درستگی اور اخلاق حسنہ کے حصول کے لئے رات کے وقت 274 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

يَا حَمِيْدَ الْفِعَالِ

YAA HAMEEDA AL-FI'AAL

O Praiseworthy One, the Doer of all that He wills.

اے بہت تعریف کے لائق، جو جو چاہے کرنے والا۔

If YAA BADEE'O is written on a deer skin with musk, saffron and rose on 9th, 18th and 27th of every month and keep oneself and see it will be safe from hunger, poverty, from the oppression of oppressor and bad character while sleeping if kept under the pillow will see true dreams and will be safe from horror dreams.

اگر ''یَا بَدِیْعُ'' کو ہرن کی کھال پر مشک و زعفران اور گلاب سے ہر ماہ کی 9، 18، 27 تاریخ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دیکھا کرے تو بھوک، افلاس، ظالموں کے ظلم اور برے اخلاق سے محفوظ رہے گا اور اس کو سوتے وقت اپنے تکیے کے نیچے رکھے تو ہمیشہ سچے خواب دیکھے گا اور ڈرائونے خوابوں سے امان میں رہے گا۔

Printed from https://fzic.org/library/quran/character-3958 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.